نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آم کے تیلے کے انسداد بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:20اپریل2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آم کا تیلہ ایک خطرناک کیڑا ہے جو پودوں کو بہت نقصان پہنچاتا ہے۔اس کے تدارک کے لئے باغبان پودوں کی کانٹ چھانٹ کرکے سورج کی روشنی اور ہوا کی آمد و رفت کو بہتر بنائیں۔سپرے سے قبل بٹور کی کٹائی کر کے زمین میں دبا دیں تاکہ تیلے کو پرورش کا موقع نہ ملے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان آم کے تیلے کے کنٹرول کے لئے نائٹروجنی کھادکے زیادہ استعمال اور زیادہ آبپاشی سے گریز کریں۔درختوں کے تنوں پر موسم گرما میں دوپہر کے وقت محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کرنے سے تیلے کا سدباب ہو جاتا ہے۔پودوں کو مکمل طور پر سپرے کرنے سے پہلے درختوں کی اندرونی اور بعد ازاں بیرونی شاخوں پر بھی سپرے کریں۔آم کے درختوں کے تنوں اور موٹے ٹہنوں پر سپرے کئے بغیر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کئے جا سکتے۔شدید حملہ کی صورت میں باغبان پانچ دن کے وقفہ سے دوبارہ سپرے کریں

****